Maulana Azad National Urdu University

M.A. Transalation Studies : IV Semester Examination, June 2021

Paper : MATS401CCT : Refining Translation

پرچہ : ترجمے کی تخلیص

Time : 3 hrs | **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1۔ خبروں کی ادارت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

2۔ ترجمے کی ادارت کے دوران پیش آنے والے مسائل کا مع امثال ذکر کیجیے۔

3۔ ادارت کے دوران تھیسارس اور لغت کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

4۔ ایک کامیاب پروف ریڈر کو کن اوصاف کا حامل ہونا چاہئے، بحث کیجیے۔

5۔ مدیر کے حدود و اختیارات کیا ہیں؟ مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

6۔ پروف خوانی کے لیے کن شرائط کی پابندی کی جانی چاہئے؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

7۔ کسی بھی متن کی صحیح قراءت میں رموز واوقاف کی کیا اہمیت ہے؟ مدلل تحریر کیجیے۔

8۔ کسی ترجمہ شدہ متن کی ادارت کے سلسلے میں جدید تکنیکی وسائل سے کیا مدد لی جاسکتی ہے؟ اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

9۔ قدیم متون کی دوبارہ اشاعت کے تعلق سے مدیر کو درپیش مسائل کا ذکر کیجیے۔

10۔ درج ذیل متن میں سے زائد الفاظ کو حذف کر کے عبارت کو چست و درست بنائیے۔

''کل شام ساحل دریا کے کنارے ایک شخص لیمو اور پانی کا شربت فروخت کر رہا تھا۔ اس نے سبز رنگ کا سلا ہوا کرتا پہن رکھا تھا۔ دوران گفتگو اس نے بتایا کہ وہ اکثر و بیشتر کبھی کبھی اپنی دکان یہاں لگاتا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا ''کیا تم یہیں رہتے ہو؟'' اس نے جواب دیا ''نہیں میں یہاں سے کچھ دور پر پانی سے گھرے ہوئے ایک جزیرے میں رہتا ہوں جہاں ان ماہی گیروں کی آبادی ہے جو مچھلیاں پکڑتے ہیں۔ میں بھی دراصل ایک مچھلی پکڑنے والا ہوں لیکن اب

میں نے اپنا پشتینی آبائی پیشہ چھوڑ کر یہ دھندا اپنا لیا ہے۔'' میں نے پوچھا ''ایک گلاس شربت کی کیا قیمت لیتے ہو؟'' کہنے لگا، زیادہ نہیں صرف دو روپئے گلاس۔'' میں نے کہا ''پچھلے دو چار کچھ دنوں سے میں تمہاری دکان کے پاس سے گزرتا ہوں لیکن کبھی موقع نہیں ملا کہ تم سے شربت خرید کر پی سکوں۔ آج تقدیر کی خوش قسمتی سے یہ نادر موقع ہاتھ آیا ہے کہ مجھے کچھ تھوڑی فرصت ہے اور میں یہاں رک کر اپنی یہ خواہش پوری کر سکتا ہوں۔'' اس نے کہا ''ضرور! لیجئے شربت حاضر ہے۔''

حصہ دوم

11۔ کسی متن کی ادارت کے دوران مدیر کس حد تک حذف و اضافے سے کام لے سکتا ہے؟ واضح کیجیے۔

12۔ اچھی پروف ریڈنگ کے لئے گردوپیش کے ماحول کی کیا اہمیت ہے؟ اپنی رائے ظاہر کیجیے۔

13۔ کیا ترجمہ شدہ متن کی ادارت کے دوران مدیر کو اصل متن بھی پیش نظر رکھنا چاہئے؟ اظہار خیال کیجیے۔

14۔ دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد نے نصابی کتابوں کی ادارت کے تعلق سے کیا طریقہ کار اختیار کیا تھا؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

15۔ درج ذیل میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) سطری ادارت

(ii) زبان پر مدیر کا عبور

(iii) فرہنگ اور لغت میں فرق